INSTITUTE FOR PUBLIC OPINION RESEARCH

26-05-2015
منگل

# پریس ریلیز

## عوامی رائے عامہ

### 51 فیصد پاکستانیوں کا یہ کہنا ہے کہ کچھ شرپسند عناصر پاکستان میں شیعہ سنی فسادات پھیلا رہےہیں

"ادارہ برائے عوامی تحقیق" (IPOR) کے کیےگئےسروےکے مطابق **(51 فیصد) پاکستانیوں کا یہ کہنا ہے کہ کچھ شرپسند عناصر پاکستان میں شیعہ سنی فسادات پھیلا رہےہیں۔**

ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ " آپکے خیا ل میں پاکستان میں شیعہ سنی فساد حقیقی اختلاف پر مبنی ہیں یا پھر شرپسند عناصر اسکو پھیلا رہے ہیں ؟" مجموعی طور پر (51 فیصد) لوگوں نے کہا" **شرپسند عناصر**" جبکہ(23فیصد)لوگوں کے مطابق"**حقیقی اختلاف پر مبنی ہیں**" اور باقی (26فیصد) نے کوئی جواب نہیں دیا۔

51 فیصد جنہوں نے جواب "**شر پسند عناصر**"دیا سے مزید پوچھا گیا ۔ یہ شر پسند عناصر کون ہیں؟ اکثریت (28 فیصد) نے "بیرونی عوامل" (17 فیصد) نے "طالبان" اور (13 فیصد) نے کہا " دہشت گرد تنظیمیں" اس کے پیچھے ہیں۔

**" آپکے خیا ل میں پاکستان میں شیعہ سنی فساد حقیقی اختلاف پر مبنی ہیں یا پھر شرپسند عناصر اسکو پھیلا رہے ہیں؟"**

**اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ اختلافات شرپسند عناصر پھیلا رہے ہیں تو آپ کے خیال میں یہ شر پسند عناصر کون ہیں؟**




یہ انٹرویو ادارہ برائے عوامی تحقیق نے پاکستان کے چاروں صوبوں(پنجاب، سندھ، خیبرپختونخواہ، بلوچستان) کی دیہی اور شہری آبادی کے4،134 مردوں اور عورتوں سے کیے ہیں۔ اس سروے میں غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر±2 فیصد لگایا گیا ہے۔ جبکہ انٹرویوز کا دورانیہ مارچ20 سے اپریل 08 ہے۔